306

اردو (Urdu)

سینئر سیکنڈری کورس

کُل نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) شمالی ہند میں اردو نثر کا ارتقا کس طرح ہوا؟ وضاحت کیجیے۔ (L.N. 1)

یا

(ب) چوتھی کا جوڑا افسانے میں عصمت چغتائی نے عورتوں کے کس نفسیاتی پہلو کو اجاگر کیا ہے؟ (L.N. 4)

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) 'دروازے کھول دو' ڈرامے کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (L.N. 6)

یا

(ب) ترقی پسند تحریک نے نظم گوئی میں کیا نئے تجربے کیے؟ وضاحت کیجیے۔ (L.N. 11)

سوال نمبر3: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) ساحر لدھیانوی کی نظم "پرچھائیاں" کا مرکزی خیال لکھیے۔ (L.N. 13)

یا

(ب) نظم "خاک وطن" میں شاعر نے حب الوطنی کو کس طرح پیش کیا ہے؟ لکھیے۔ (L.N. 15)

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔ **4**

(الف) غزل کے ارتقا پر روشنی ڈالیے اور غزل کی تعریف بھی لکھیے۔ (L.N. 16)

یا

(ب) قصیدے کے انداز بیان کی خصوصیات لکھیے اور مشہور قصیدہ گو شعرا
کے نام بھی لکھیے۔ (L.N. 23)

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔ **4**

(الف)

یہ آرزو تھی تجھے گُل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے
میری طرح سے مہ مہر بھی ہیں آوارہ
کسی حبیب کی یہ بھی ہیں جستجو کرتے

(L.N. 20)

i. مندرجہ بالا اشعار کا مطلب لکھیے۔
ii. مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کے ہیں؟ نام لکھیے۔
iii. اپنی پسند کا کوئی شعر لکھیے۔
iv. غزل کی تعریف لکھیے۔

یا

(ب)

دروازے پر پنجرے میں طوطا ہو گا
جھوٹے برتن گھر میں کوئی دھوتا ہو گا
پھر اپنا بچپن آنکھوں میں گھوم گیا
اک بچہ سکول میں پھر روتا ہو گا

(L.N. 22)

i. مندرجہ بالا اشعار کا مطلب لکھیے
ii. اپنی پسند کے دو اشعار لکھیے
iii. غزل اور قطع میں کیا فرق ہے لکھیے
iv. چار غزل گو شعرا کے نام لکھیے

سوال نمبر6: پروجیکٹ ورک **6**

(الف) کمپیوٹر کی افادیت اور اہمیت پر تبصرہ کیجیے۔ یہ بھی بتائیے کہ آج کے عہد میں کمپیوٹر ہماری زندگی کے کتنے قریب ہے؟ (L.N. 33A)

یا

(ب) ماس میڈیا میں الیکٹرونک میڈیا کی اہمیت کیا ہے؟ الیکٹرونک میڈیا اور پرنٹ میڈیا میں فرق بتائیے۔ ساتھ ہی یہ بھی بتائیے کہ آج الیکٹرونک میڈیا میں اردو کی کیا اہمیت ہے؟ (L.N. 33B)